نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

# پریس ریلیز

## وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

## سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی شرکت

## اجلاس میں وزیراعلی پنجاب کی ہدایات کے مطابق سرکاری زمینوں پر ناجائز قابضین کے خلاف بھرپور مہم اور ٹرانسفارمنگ ایگریکلچر پنجاب پروگرام کے منصوبوں کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

**لاہور، 03مارچ2025:** صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت آج ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق سرکاری زمینوں پر ناجائز قابضین کے خلاف بھرپور مہم اور وزیر اعلی کے زرعی شعبہ کی ترقی کیلئے منصوبوں بارے پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔

اس موقع پر وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب اپنی ملکیت زمینوں پر ناجائز قابضین کے خلاف بھرپور مہم اور اقدامات اٹھا رہا ہے اور اس سلسلے میں زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ سرکاری زمینوں پر غیر قانونی تجاوزات کے گرانے کے حوالے سے کسی قسم کا سیاسی اثرورسوخ بھی خاطر میں لایا جائے گا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت نے سیڈ کارپوریشن، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد، ملتان وراولپنڈی، ریسرچ انسٹیٹیوٹ، پیسٹ وارننگ اور محکمہ زراعت پنجاب (توسیع) کو ان کی زمینوں پر ناجائز قبضہ کی مکمل رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت جاری کی۔ انھوں نے کہا کہ پرائیویٹ قابضین کے پاس اس بات کا کوئی جواز نہیں ہے کہ وہ سرکاری رقبے پر اپنا ناجائز قبضہ برقرار رکھیں۔

صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک نے کہا کہ کسان کارڈ کے دوسرے فیز میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے 25ایکڑ تک اراضی رکھنے والے کاشتکاروں کو شامل کیا جائے گا اور فی ایکڑ قرض کی حد میں بھی اضافہ کیا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ کسان اس اسکیم سے مستفید ہو سکیں۔ اب تک 4لاکھ 74 ہزار کسان کارڈز کسانوں نے وصول کر لیے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کیلئے 54ارب روپے کی منظوری ہو چکی ہے جس میں سے اب تک 35.3ارب روپے کی خریداری کی جا چکی ہے جن میں 82 فیصد کھادوں کی خریداری کی مد میں خرچ ہوئے

ہیں۔صوبائی وزیر نے کارڈ وصول نہ کرنے والے کسانوں کو لوگو کالز اور پیغامات ارسال کرنے کے احکامات جاری کئے۔اس موقع پر کسان کارڈ فیز ٹو پروگرام پر بھی غور کیا گیا۔وزیر اعلی پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت 9500 قرعہ اندازی میں کامیاب کاشتکاروں میں سے 9375 کاشتکاروں نے گرین ٹریکٹرز کے لئے اپنے حصہ کی رقم جمع کرادی ہے۔اب تک 9228 گرین ٹریکٹرز کی مینوفیکچرنگ ہوچکی ہے جن میں سے 8012 ٹریکٹرز کاشتکاروں کو فراہم کئے جا چکے ہیں۔15 مارچ تک 9 ہزار ٹریکٹرز کاشتکاروں کو فراہم کر دیے جائیں گے۔وزیر اعلیٰ پنجاب سولرائزیشن آف زرعی

ٹیوب ویلز پروگرام کے تحت 5 لاکھ 33 ہزار سے زائد درخواستوں کی وصولی ہو چکی ہے جس میں سکروٹنی کے بعد 3 لاکھ 85 ہزار 128 درخواستوں کی قرعہ اندازی کے ذریعے تصدیق ہو چکی ہے۔جبکہ 14648 درخواستوں کی منظوری دی جاچکی ہے۔جن میں 64000 سے زیادہ الیکٹرک ٹیوب ویلز جبکہ 46000 سے زیادہ ڈیزل ٹیوب ویلز کے لیے درخواستیں جمع کروائی ہیں۔7911 کامیاب کسانوں کو آلاٹمنٹ لیٹرز جاری کر دیے گئے ہیں۔صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ ماڈل ایگریکلچر مالز کے قیام کے سلسلے میں ساہیوال کا کام 15 اپریل تک مکمل ہو جائے گا جبکہ ملتان، بہاولپور اور میں گرے سرگودھامیں کام تیزی سے جاری ہے۔انھوں نے کہا کہ محکمہ زراعت صرف ان مالز کی نگرانی کا کام سرانجام دے گا۔وزیر اعلیٰ پنجاب کے زیادہ گندم اُگاؤ پروگرام کے تحت اب تک ٹوٹل 57 ہزار سے زیادہ درخواستیں موصول ہوئی ہیں جبکہ 2356 درخواستوں کی قرعہ اندازی کے ذریعے تصدیق ہو چکی ہے جن میں سے 1603 منظور ہو گئی ہیں جن میں سے ایک ہزار خوش نصیب کاشتکاروں کے نام اسی ماہ قرعہ اندازی کے ذریعے نکالے جائیں گے۔وزیر اعلیٰ پنجاب کے سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت 1 ہزار سپر سیڈرز کی فراہمی مکمل ہو چکی ہے۔اس پروگرام کے دوسرے مرحلہ کے دوران اب تک 2 ہزار کاشتکاروں کو سپر سیڈرز کی فراہمی کیلئے الاٹمنٹ لیٹرز جاری کر دیئے گئے ہیں۔ان میں سے 1885 سپر سیڈرز کی بکنگ ہو چکی ہے۔227 سپر سیڈرز کاشتکاروں کو ڈیلیور ہو چکے ہیں۔صوبائی وزیر نے واضح کیا کہ سپر سیڈرز کے استعمال سے نہ صرف سموگ کنٹرول کرنے میں مدد ملی ہے بلکہ اس کے استعمال سے پیداواری لاگت میں بھی کمی واقع ہو تی ہے۔سپر سیڈرز بہتر رزلٹ کے حامل ہوتے ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی نے ایگری انٹرن شپ، تل، سویابین و کینولہ کے فروغ، کینو کے باغات کی بحالی اور ای میکنائزیشن کے پروگراموں کے بارے میں اب تک کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج پر ٹائم لائنز کے مطابق عملدرآمد جاری ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ محکمہ ایگریکلچر پنجاب کی زمینوں پر ناجائز قبضہ واگزار کرانے کے لیے ڈپٹی کمشنر کی مدد و معاونت حاصل کی جائے تا کہ یہ کام جلد از جلد مکمل ہو سکے

اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، رانا تجمل، ساجد، عبدالقیوم اور عامر رسول سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ جبکہ وائس چانسلرز زرعی یونیورسٹی فیصل آباد، ملتان اور راولپنڈی نے آن لائن شرکت کی۔

☆☆☆☆☆